SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

**November 6, 2018**

**کمپنیز رجسٹریشن میں ریکارڈ 63 فیصد اضافہ، اکتوبر میں 1,395 کمپنیاں رجسٹر**

اسلام آباد (نومبر 6 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان میں اکتوبر میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں ریکارڈ تریسٹھ فیصد اضافے کے ساتھ ایک ہزار تین سو پچانوے (1,395) نئی کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔ نئی رجسٹریشن کے بعد ملک میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد بانوے ہزار ایک سو نو (92,109) ہو گئی ہے۔ اکتوبر میں رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں میں پچاس فیصد سے زائد کمپنیوں کا رجسٹریشن کا عمل صرف چار گھنٹوں کے اندر مکمل کیا گیا اور درخواست دہندوں کی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ جاری کر دئے گئے۔

کمپنیوں کی رجسٹریشن میں یہ اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لئے کی گئی اصلاحات کا نتیجہ ہے۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن کے عمل کو نہ صرف آسان بنایا گیا بلکہ رجسٹریشن کی فیسوں میں بھی نمایاں کمی کی گئی ہے۔ اکتوبر کے دوران رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں میں تہتر (73) فیصد کمپنیاں بطور پرائیوٹ لمیٹڈ رجسٹر ہوئیں جبکہ پچیس فیصد سنگل ممبر کمپنیز جبکہ دو فیصد غیر منافع بخش، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبیلٹی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

سب سے زیادہ ٹریڈنگ کے شعبے میں کمپنیز رجسٹر ہوئیں جن کی تعداد دو سو تیرہ (213) رہی۔ تعمیرات کے شعبے میں ایک سو تراسی (183) کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، خدمات کے شعبے میں ایک سو ستر (170)، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو پچاس (150)، سیاحت میں نوے (90)، مارکیٹنگ اور اشتہار میں سینتالیس (47)، خوراک و مشروبات میں ارتیس (38)، انجئیرنگ میں انتالیس (39)، رئل سٹیٹ میں تینتالیس (43)، تعلیم کے شعبے میں چھتیس (36)، کارپوریٹ ایگری کلچر فارمنگ میں سینتیس (37)، صحت کے شعبہ میں ستائیس (27)، کان کنی کے شعبے میں چوبیس (24)، ٹیکسٹائل میں تئیس (23)، کیمیکل اور فارماسوٹیکل میں اکیس (21)، آٹو اینڈ الائیڈ میں انیس (19)، لاگنگ میں اٹھارہ (18)، مواصلات میں پندرہ (15)، ایندھن اور توانائی میں چودہ (14)، کاغذ اور بورڈ میں تیرہ (13)، سٹیل اور الائیڈ میں گیارہ (11) اور ایک سو چھ (106) کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے علاوہ اسلام آباد میں دو غیر ملکی کمپنیاں بھی رجسٹر ہوئیں۔

پینسٹھ نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی گئی۔ یہ سرمایہ کاری چین، فرانس، جرمنی، انڈونیشیا، ایران، جاپان، اردن، لبنان، ملائیشیا، نیدرلینڈ، نائیجیریا، ناروے، سعودی عرب، سری لنکا، تھائی لینڈ، ترکی، برطانیہ اور امریکہ سے ہوئی۔

پانچ سو تین کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں جبکہ لاہور میں تین سو اٹھانوے اور کراچی سے دو سو بیالیس کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی جبکہ پشاور میں 75، ملتان میں 69، فیصل آباد میں 41، گلگت بلتستان میں 24، کوئٹہ میں آٹھ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔